رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 024 - فرسٹ اینول (دہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) **PAPER CODE = 7025** کل نمبر : 15

(پہلا گروپ) LHR-1-24

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے : | (A) ٹوکری | (B) پھلواری | (C) دلکش کھیتی | (D) نگری |
| 2 | علامہ محمد اقبالؒ کون سا پھل پسند کرتے تھے : | (A) انگور | (B) آم | (C) سیب | (D) کیلا |
| 3 | دوسرے خط کے مطابق غالبؔ کو کتنی کتابیں موصول ہوئیں : | (A) بیس | (B) تینتالیس | (C) چالیس | (D) تینتیس |
| 4 | گدلا پانی پودوں کے لیے تھا : | (A) آبِ حیات | (B) ضرر رساں | (C) مضر | (D) بے سود |
| 5 | نظم ''حمد'' کس شاعر کی تخلیق ہے : | (A) احسان دانش | (B) جمیل الدین عالی | (C) حفیظ جالندھری | (D) جوش ملیح آبادی |
| 6 | ''پسوائی'' گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم حالیہ | (B) اسم فاعل | (C) اسم معاوضہ | (D) اسم مفعول |

(ورق الٹیے)

( 2 ) LHR-1-24

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-7 | اضافت ظرفی کی مثال ہے : | (A) جمعہ کا دن | (B) آم کا درخت | (C) زلف کا سانپ | (D) دودھ کا گلاس |
| 8 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے : | (A) مَحْبُوبْ | (B) مِحْبُوبْ | (C) مُحبُوبْ | (D) مِحَبُوبْ |
| 9 | اسلام امن و آشتی کا ہے : | (A) مذہب | (B) اُصول | (C) آئینہ | (D) طریقہ |
| 10 | رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے : | (A) علی گڑھ | (B) دِلّی | (C) لاہور | (D) کول |
| 11 | ''لقب'' کی مثال ہے : | (A) قائدِ ملت | (B) رستمِ زماں | (C) غالبؔ | (D) بگا |
| 12 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا : | (A) لکڑی کا | (B) معماری کا | (C) لوہے کا | (D) کھیتی باڑی کا |
| 13 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے : | (A) حَسَابْ | (B) حِسَابْ | (C) حُسَابْ | (D) حَسَّابْ |
| 14 | شاعر کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی : | (A) ایک ماہ سے | (B) ایک سال سے | (C) ایک عرصے سے | (D) ایک مدت سے |
| 15 | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں کتنے قلمی نسخے ہیں : | (A) تیس ہزار | (B) پچاس ہزار | (C) ایک لاکھ | (D) ڈیڑھ لاکھ |

www.pakcity.org

رول نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) — 024 - فرسٹ اینول (دہم کلاس) — وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ: II (انشائیہ طرز) CHR-1-24 (پہلا گروپ) — کل نمبر: 60

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) وہ لُو، وہ آفتاب کی حِدّت، وہ تاب و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

(ii) ہنستا تھا کوئی گُل نہ لہکتا تھا سبزہ زار — کانٹا ہوئی تھی سوکھ کے ہر شاخِ باردار

(iii) اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں — بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

(iv) شُتر کے گھر میں پیامِ بہار ہے سہرا — کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا

(حصہ غزل)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی ہے

(vi) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(vii) نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ۱۸۸۵ء میں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی اور ظاہر یہ کیا کہ وہ ملک کی تمام قوموں کو ان کے حقوق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتا چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں۔ انھوں نے مسلمانوں کو ان کے کاروبار سے محروم کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی قابض ہو گئے۔

(ورق الٹئے)





3- (ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

(ii) تحریکِ خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(iii) مرزا غالب نے میر مہدی حسن مجروح کو خط، بیرنگ کیوں بھیجا؟

(iv) رشید احمد صدیقی کے خطوط کی تعداد کتنی ہے اور کس نے مرتب کیے؟

(v) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(vi) حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں کون سی تین چیزیں نمایاں تھیں؟

(vii) مال گودام روڈ پر تانگے کے گھوڑوں کا کیا حال ہوتا ہے؟

(viii) نظم میں شاعر نے ''نیا گل کھلانے'' کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی۔ (ii) چغل خور۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) عیدین۔ (ii) محنت کی برکتیں۔ (iii) دیہاتی زندگی۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

مسلمانوں کے ایک ہزار سالہ دورِ اقتدار میں ہندو اور مسلمان ساتھ رہے۔ انہوں نے ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندوؤں کی بعض رسمیں مسلمانوں میں رائج ہوئیں اور بعض اسلامی تصورات ہندوؤں میں مقبول ہوئے۔ لیکن ہندو اور مسلمان آپس میں جذب ہو کر ایک معاشرہ نہ بن سکے۔ ہندو، مسلمان عموماً الگ الگ محلوں میں رہتے تھے۔ ہندو معاشرہ ذات پات کے بندھنوں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس لیے ہندو نہ تو آپس میں متحد ہوتے تھے نہ مسلمانوں کی طرف خلوص دل سے ہاتھ بڑھاتے تھے۔ اگرچہ مسلمان اور ہندو دونوں قومیں ایک خطہ ارض میں رہتی تھیں لیکن مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں کے معاشرتی اور مذہبی تعصبات پختہ ہوتے گئے۔ باہمی میل جول اور یگانگت کا خاصہ فقدان رہا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی یہ الگ الگ حیثیت پورے اسلامی دور میں نمایاں رہی۔ اس صورت حال کو پاکستان کی مخصوص اصطلاح میں دو قومی نظریہ کہا جاتا ہے۔

سوالات: (i) ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ رہ کر کیا کچھ سیکھا؟

(ii) ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کیسے رہے؟

(iii) ہندو معاشرہ آپس میں متحد کیوں نہ رہ سکا؟

(iv) دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

(v) مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں نے کیا رویہ اپنایا اور اس کا کیا نتیجہ نکلا؟

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2022-2020 تا 2024-2022)

اردو (لازمی) — 024 - فرسٹ اینول (دہم کلاس) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — PAPER CODE = 7026 — کل نمبر : 15

(دوسرا گروپ) CHR-2-24

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے : | (A) مَحْبُوبْ | (B) مُحْبُوبْ | (C) مَحِبُوب | (D) مَحْبُوبْ |
| 2 | مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا : | (A) سات | (B) پانچ | (C) آٹھ | (D) نو |
| 3 | قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے : | (A) کام کرتی تھیں | (B) کھڑی رہتی تھیں | (C) دم نہ مارتی تھیں | (D) کان پکڑتی تھیں |
| 4 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا : | (A) لکڑی کا | (B) معماری کا | (C) لوہے کا | (D) کھیتی باڑی کا |
| 5 | اسم آلہ ہے : | (A) تلوار | (B) کارخانہ | (C) آج کل | (D) کائیں کائیں |
| 6 | مقبرہ رابعہ دورانی کہاں واقع ہے : | (A) دلّی میں | (B) اورنگ آباد میں | (C) حیدر آباد میں | (D) الہٰ آباد میں |

(ورق الٹیے)

(2) CHR-2-24

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | مسلم لیگ کس نے قائم کی : | (A) سرسید احمد خان | (B) نواب محسن الملک | (C) قائداعظمؒ | (D) نواب وقارالملک |
| 8 | لفظ ''کھاؤ'' قواعد کے مطابق ہے : | (A) فعل حال | (B) ماضی مطلق | (C) فعل امر | (D) ماضی استمراری |
| 9 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے : | (A) اِفْطَارْ | (B) اُفْطَارْ | (C) اَفْطَار | (D) اِفْطَارْ |
| 10 | ''شب وروز'' میں ''و'' ہے : | (A) حرفِ جار | (B) حرفِ عطف | (C) حرفِ علت | (D) حرفِ بیان |
| 11 | ''پون ٹوٹی'' (چنگی) کس چیز پر معاف تھی : | (A) ترکاری اور پھل | (B) اناج اور اُپلے | (C) غلہ اور ترکاری | (D) پھل اور اُپلے |
| 12 | ''مُلمّع'' تحریر ہے : | (A) خدیجہ مستور کی | (B) اشرف صبوحی کی | (C) ہاجرہ مسرور کی | (D) سجاد حیدر یلدرم کی |
| 13 | شاعر نے فاطمہ کو حُور کہا ہے : | (A) جنت کی | (B) آسمانی | (C) ارضی | (D) صحرائی |
| 14 | نظم ''حمد'' کس شاعر کی تخلیق ہے : | (A) احسان دانش | (B) جمیل الدین عالی | (C) حفیظ جالندھری | (D) جوش ملیح آبادی |
| 15 | رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحۂ رحلت کا ذکر کیا ہے : | (A) بیگم ڈاکٹر محمد حسن | (B) مولانا ضیا احمد | (C) برادر سید بشیرالدین | (D) بیگم سید بشیرالدین |



www.pakcity.org

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2022-2020 تا 2024-2022)

اردو (لازمی) — 024 - فرسٹ اینول (دہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) — (دوسرا گروپ) — CHR-2-24 — کل نمبر : 60

**( حصہ اوّل )**

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

**( حصہ نظم )**

(i) بَشَر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰؐ کے نام پر شَیدا کیا جس نے

(ii) گرداب پر تھا شعلۂ جَوّالہ کا گُماں — انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

(iii) جن کی تابانی میں اندازِ کُہن بھی، نَو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iv) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

**( حصہ غزل )**

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے مِلتا ہے

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

**( حصہ دوم )**

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اُچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے ، جس سے عید کے بارے میں اُردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔ عید کی شاعری ہماری شعری روایات کا ایک اہم اور ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

(ورق الٹئے)

www.pakcity.org



3- (ب) سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے رفیقوں کو باسفورس ، گولڈن ہارن اور ایاصوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ ہم سب نے یہاں اچھا خاصا وقت صرف کیا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(ii) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

(iii) اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

(iv) اُردو شعرا نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟

(v) مصنف کو اپنے بے تکلف دوست بھڑبھڑیا سے کیا شکایت ہے؟

(vi) شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟

(vii) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(viii) حسرت موہانی اپنی غزل میں منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لیے کیوں پُراُمید ہیں؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔ (ii) نام دیو مالی۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : (i) کاہلی۔ (ii) برسات کا موسم۔ (iii) قائداعظمؒ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے ، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات : (i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(ii) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) "شاہِ خاور" سے کیا مراد ہے؟

(iv) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس پیراگراف کا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

اردو (لازمی) | 023 - فرسٹ اینول (دہم کلاس) | وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) | PAPER CODE = 7021 | کل نمبر : 15

LHR-1-23

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ادا جعفری کی غزل مجموعہ کلام سے لی گئی ہے : | (A) شہرِ درد | (B) سازِ سخن بہانہ ہے | (C) غزالاں تم تو واقف ہو | (D) میں ساز ڈھونڈتی رہی |
| 2 | اب انسان کو عرفان حاصل ہو گا : | (A) خداتعالیٰ کا | (B) انسان کا | (C) کائنات کا | (D) اِن سب کا |
| 3 | شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے : | (A) ٹوکری | (B) پھلواری | (C) دلکش کھیتی | (D) نگری |
| 4 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے : | (A) مُصَوِّرْ | (B) مُصَّوَرْ | (G) مُصَّوِرُ | (D) مُصَوَّرَ |
| 5 | درست اعراب کی نشاندہی کیجئے : | (A) مَدرَسۂ | (B) مِدرَسۂ | (C) مَدرِسۂ | (D) مَدرَسہ |
| 6 | ظرفِ زماں کی فہرست ہے : | (A) ڈبیا، پیالی | (B) مسجد، مدرسہ | (C) رات، دن | (D) گھر، راستہ |
| 1-7 | اسمِ مکبر کی فہرست ہے : | (A) ڈھولک، دیگچی | (B) شاہ رگ، شاہ سوار | (C) اینٹ، درخت | (D) سال، مہینا |
| 8 | اسمِ صفت کی قسمیں ہیں : | 8 (A) | 6 (B) | 4 (C) | 2 (D) |
| 9 | رشید احمد صدیقی تھے : | (A) ایک شاعر | (B) ایک افسانہ نگار | (C) ایک صاحبِ طرز انشاپرداز | (D) ایک ناول نگار |
| 10 | علامہ محمد اقبالؒ کو انتقال والے دن صبح کیا پلایا گیا تھا : | (A) فروٹ سالٹ | (B) لسی | (C) شربت | (D) جوس |
| 11 | لڑکی نے قلی کو رقم دی : | (A) ایک روپیہ | (B) پانچ کا نوٹ | (C) دس روپے | (D) اٹھنی |
| 12 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے : | (A) چھ فٹ | (B) بالشت بھر | (C) ایک فٹ کے | (D) گز بھر |
| 13 | محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر تنقید کی : | (A) فیض احمد فیض | (B) ڈاکٹر تاثیر | (C) پطرس بخاری | (D) حمید احمد خاں |
| 14 | استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے : | (A) عجائب گھروں کا | (B) مسجدوں کا | (C) کتب خانوں کا | (D) مقبروں کا |
| 15 | مرزا غالبؔ کو تفتہ کا خط کہاں سے آنا تھا : | (A) کلکتہ | (B) سکندر آباد | (C) آگرہ | (D) کول |

201-023-I-(Objective Type)- 36250 (7021)

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2021-2019 تا 2023-2021)

اردو (لازمی) | 023 - فرسٹ اینول (دہم کلاس) | وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) | (پہلا گروپ) | کل نمبر : 60

LHR-1-23

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) یہ سرد و گرم ، خشک و تر ، اُجالا اور تاریکی
نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی

(ii) پانی تھا آگ ، گرمیِ روزِ حساب تھی
ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

(iii) جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار
جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار

(حصہ غزل)

(iv) منزل پر پہنچیں گے اِک دن، وہیں قیام کریں گے ہم
روک نہیں سکتی ہے ناصر کوئی بھی دیوار ہمیں

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

(vi) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شانِ رنگینیِ حُسنِ چمن آرا بھی نہیں

(vii) سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے مِلتا ہے

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) شہر میں رات دن شوروشغب رہتا ہے۔ دیہات میں کچھ عرصہ رہنے سے تبدیلی آب و ہوا بھی ہو گی اور وہاں مضمون نگاری بھی زیادہ اطمینان سے کر سکو گے۔ مَیں نے ایک کمرا خاص تمھارے واسطے آراستہ کرایا ہے ، جس میں پڑھنے لکھنے کا سب سامان مہیا ہے۔ تھوڑے دن رہ کے چلے آنا۔ دیکھو ، میری خوشی کرو۔ مَیں ایسے محبت آمیز اصرار پر انکار کیسے کر سکتا تھا۔

(ورق الٹیے)

3- (ب) دراصل وہ اپنی عادت سے مجبور تھا اور اسی عادت کی وجہ سے اپنی ملازمت سے بھی ہاتھ دھونا پڑے تھے ، چنانچہ وہ بے کار تھا۔ اس نے دوسری ملازمت کی بہتیری کوشش کی مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہو سکا۔ کچھ دن تک تو وہ اپنی جمع پونجی پر گزر بسر کرتا رہا لیکن جب تھوڑا تھوڑا کر کے اس کا سارا سرمایہ ختم ہو گیا تو بہت پریشان ہوا۔ اس نے نوکری اور مزدوری کے لیے سرتوڑ کوشش شروع کر دی کہ کہیں فاقوں کی نوبت نہ آ جائے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) تحریکِ خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(ii) مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟

(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(iv) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لباب کیا تھا؟

(vi) شاعری میں میرانیس کی وجۂ شہرت کیا ہے؟

(vii) فاطمہ کو ''راکھ میں دبی ہوئی چنگاری'' کیوں کہا گیا ہے؟

(viii) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی۔ (ii) علی بخش۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) یوم آزادی۔ (ii) مرزا اسداللہ غالب۔ (iii) وقت کی پابندی۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے ، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات : (i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(ii) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(iv) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔



www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2021-2019 تا 2023-2021 )

اردو (لازمی) 023 - فرسٹ اینول ۔ (دہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II ( معروضی طرز) PAPER CODE = 7026 LHR-2-23 کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | علی گڑھ کا پرانا نام ہے : | (A) فیروزپور | (B) الہ آباد | (C) کول | (D) فیض آباد |
| 2 | جگر مراد آبادی کا اصل نام ہے : | (A) فضل الحسن | (B) علی سکندر | (C) عزیز جہاں | (D) مراد علی |
| 3 | جسم کا درست تلفظ ہے : | (A) جِسْم | (B) جُسُم | (C) جَسُم | (D) جِسَمُ |
| 4 | آدمی گرامر کی رُو سے ہے : | (A) کنیت | (B) اسم معرفہ | (C) اسم نکرہ | (D) اسم اشارہ |
| 5 | علامہ محمد اقبالؒ اپنی بیٹی منیرہ کو پیار سے کہا کرتے تھے : | (A) بلّی | (B) ننھی | (C) بانو | (D) مُنّی |
| 6 | کوہ ہمالیہ گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم ضمیر | (B) خطاب | (C) اسم صفت | (D) اسم معرفہ |
| 7-1 | حساب کا درست اعراب ہے : | (A) حُساب | (B) حِسَاب | (C) حِسْاب | (D) حَساب |
| 8 | لڑکی کے ۔۔۔ ہونٹوں پر مطمئن مسکراہٹ لہرانے لگی : | (A) عنابی | (B) لال | (C) پیلے | (D) شرابی |
| 9 | استنبول کس نے فتح کیا : | (A) مراد ثانی | (B) محمد فاتح | (C) سلطان محمد | (D) سلیم ثانی |
| 10 | قومیت کی تشکیل کی بنیادیں ہیں : | (A) ایک | (B) دو | (C) تین | (D) چار |
| 11 | نظم حمد کے شاعر کا نام ہے : | (A) احسان دانش | (B) حفیظ جالندھری | (C) میر انیس | (D) علامہ اقبالؒ |
| 12 | ندیم ہنسا گرامر کی رُو سے ہے : | (A) فعل | (B) فعل لازم | (C) فعل تام | (D) فعل متعدی |
| 13 | ہاجرہ مسرور کا انتقال ہوا : | (A) 2006ء | (B) 2008ء | (C) 2010ء | (D) 2012ء |
| 14 | مرزا صاحب کیسی دولت سے مالا مال تھے : | (A) قلب مطمئنہ | (B) حسن | (C) فقر | (D) مال و دولت |
| 15 | بسیار نویس ادیبوں میں شمار ہوتے ہیں : | (A) دلاور فگار | (B) جوش ملیح آبادی | (C) جمیل الدین عالی | (D) محمود سرحدی |

www.pakcity.org

رول نمبر ---------- (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

اردو (لازمی) 023 ۔ فرسٹ اینول ۔ (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) LHR-2-23 (دوسرا گروپ) کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا — یقین ہو گیا ، اعتبار آ گیا ہے

(ii) گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر — بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(iii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

(iv) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہر عالم تاب کا نورِ نگاہ

(حصہ غزل)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) فقیر تو یہ کہتا ہوا اور جن پر اس قصے کا اثر ہوا، ان کی خیرات لیتا ہوا آگے بڑھ گیا، لیکن میرے دل میں چند خیالات پیدا ہوئے اور میں نے اپنی حالت کا مقابلہ اس سے کیا اور مجھے خود تعجب ہوا کہ اکثر امور میں ، مَیں نے اس کو اپنے سے اچھا پایا۔ یہ صحیح ہے کہ میں کام کرتا ہوں اور وہ مفت خوری سے دن گزارتا ہے۔ نیز یہ کہ میں نے تعلیم پائی ہے ، وہ جاہل ہے۔ میں اچھے لباس میں رہتا ہوں ، وہ پھٹے پرانے کپڑے پہنتا ہے۔ بس یہاں تک میں اس سے بہتر ہوں۔

(ورق الٹیے)





3- (ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چھپ گئے۔ اس کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا، اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟ (ii) لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟ چغل خور کس شرط پر کسان کے ہاں ملازم ہوا؟

(iii) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟ (iv) قدرت اللہ شہاب کی خودنوشت کا کیا نام ہے اور وہ کس شہر میں اپنی ملازمت کا تذکرہ کرتے ہیں؟

(v) قافیہ کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں دیجیے۔ (vi) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کون سا ایک لفظ کہہ کر بنائی اور حمد کے شاعر کون ہیں؟

(vii) نظم ''مال گودام روڈ'' میں گھوڑوں پر کیا بیتی؟ (viii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید ۔ (ii) علی بخش ۔ 5

6- درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : (i) عیدین ۔ (ii) تعلیم نسواں ۔ (iii) محسنِ انسانیت ﷺ ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے ، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات : (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان ، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2022-2020 )

اردو (لازمی) | 022 - (دہم کلاس) | وقت : 20 منٹ

پرچہ : II (معروضی طرز) | PAPER CODE = 7026 | کل نمبر : 15

LHR-G2-22 (دوسرا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | مقبرہ رابعہ دورانی واقع ہے : (A) اورنگ آباد میں (B) دِلّی میں (C) حیدرآباد میں (D) الٰہ آباد میں |
| 2 | "مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے" یہ مصرع ہے : (A) جگر مراد آبادی کا (B) حسرت موہانی کا (C) فراق گورکھپوری کا (D) ادا جعفری کا |
| 3 | "قینچی" گرامر کی رُو سے کیا ہے : (A) اسمِ صوت (B) اسمِ آلہ (C) اسمِ ظرف (D) اسمِ مکبّر |
| 4 | اخلاق کا درست تلفظ ہے : (A) اَخلاق (B) اِخلاق (C) اُخلاق (D) اَخلاقَ |
| 5 | خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے ہیں ان میں کون سی چیز نمایاں ہے : (A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا ذکر (D) لطف و مسرّت |
| 6 | اسم ظرف زماں کی نشان دہی کیجیے : (A) کھیت (B) میدان (C) رات (D) گھر |
| 1-7 | "تک" گرامر کے لحاظ سے کیا ہے : (A) حرف اضافت (B) حرف بیان (C) حرف جار (D) حرف عطف |
| 8 | "ملمّع" کس کی تحریر ہے : (A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) قدرت اللہ شہاب |
| 9 | مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا : (A) 671ء (B) 672ء (C) 673ء (D) 674ء |
| 10 | مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں : (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار |
| 11 | شاعرِ انقلاب کہا جاتا ہے : (A) جوش ملیح آبادی کو (B) علامہ اقبالؒ کو (C) میر انیس کو (D) دلاور فگار کو |
| 12 | درست تلفظ کی نشان دہی کیجیے : (A) مَدْرَسَہ (B) مَدَرْسَہ (C) مَدْرِسَہ (D) مُدَرِّسَہ |
| 13 | علی بخش کی زمین پر قبضہ کر رکھا تھا : (A) جاگیرداروں نے (B) امیرلوگوں نے (C) ڈاکوؤں نے (D) شریرلوگوں نے |
| 14 | رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحہء رحلت کا ذکر کیا ہے : (A) مولانا ضیا احمد (B) بیگم ڈاکٹر محمد حسن (C) بیگم ڈاکٹر بشیر احمد (D) برادر سید بشیر الدین |
| 15 | رَن کی زمیں سرخ تھی اور آسماں تھا : (A) نیلا (B) زرد (C) سبز (D) پیلا |



www.pakcity.org

رول نمبر ............ (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2022-2020)

اردو (لازمی) | 022 - (دہم کلاس) | وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) | (دوسرا گروپ) | کل نمبر : 60

LHR-G2-22

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت — وہ پیغمبر ﷺ ذی وقار آ گیا ہے

(ii) آب خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر — گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(iii) یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر ! — ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر !

(iv) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح — اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

(حصہ غزل)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ایسی نظریاتی قومیت میں ہر نسل، ہر رنگ اور ہر جغرافیائی خطّے کے لوگوں کے لیے جگہ ہوتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کو ، جن میں ہر نسل، ہر رنگ اور مختلف جغرافیائی خطوں کے لوگ شامل تھے، ایک ایسی قوم کے ماتحت اقلیت بن کر رہنا منظور نہ تھا جو اسلامی قومیت کے برعکس ذات پات، چھوت چھات اور بت پرستی کے بندھنوں میں جکڑی ہوئی تھی۔

3- (ب) یہ شاہی مسجد ، بہت سے مذہبی تہواروں کے منانے کی جگہ اور بہت سے درباری رسمی جلوسوں کا مرکز رہ چکی ہے۔ مسجد تاریخی حیثیت کی حامل ہے۔ یہاں سب نے وضو کیا۔ نمازِ ظہر اور نمازِ عصر ملا کر پڑھی۔ سیلانیوں کا یہاں بھی مجمع تھا اور خوب تھا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مرتبہ علم ایسا تھا کہ صحابہ کرامؓ مسائل کی تحقیق میں ان ہی سے رجوع کرتے تھے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) سیدانی بی میر صاحب کے گھر میں رہتے ہوئے صبح اور دوپہر میں کیا کرتی تھی؟

(ii) ریلوے اسٹیشن پر اس لڑکی نے کیا محسوس کیا؟

(iii) فتنہ قیامت کا خوش قامتی سے ملنے کا کیا مفہوم ہے؟

(iv) دن گزرتے ہوئے کسان کیا بات بھول گیا؟

(v) "میدان کربلا میں گرمی کی شدت" میں زمین و آسمان کی کیا کیفیت بیان کی گئی ہے؟

(vi) "مطلع" اور "مقطع" سے کیا مراد ہے؟

(vii) نصابی سبق "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" میں جب فوراً نیچے جاتا ہوں تو میزبان صاحب نے کہا ، کسرِ نفسی کی کیا ضرورت ہے؟ کیوں کہا؟

(viii) شاعر کو "حمد" میں سردی، گرمی، دن، رات کی تبدیلی میں کیا محسوس ہوتا ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی ۔ (ii) علی بخش ۔ 5

6- درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : (i) تعلیم نسواں ۔ (ii) تمباکونوشی کے نقصانات ۔ (iii) یومِ آزادی ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

غالب نے القاب و آداب مزاج پرسی و خیریت نگاری کا قدیم دستور جس سے سرِ مُو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ وہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے۔ کبھی لکھتے تھے تو نئے مختصر موزوں القابات لکھتے مثلاً میاں ، برخوردار ، بندہ پرور ، مہاراج ، صاحب۔

سوالات: (i) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے/اجزا کیا ہیں؟ (ii) آپ نے غالب کے خطوط پڑھے ہیں ان کی زبان کیسی ہے؟ (iii) خط کیوں لکھا جاتا ہے؟ (iv) غالب نے مکتوب نگاری میں کیا ترک کر دیا؟ (v) غالب عموماً کس طرح کے القاب لکھتے تھے؟ دو مثالیں دیجیے۔

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2020-2022)

اردو (لازمی) 022 - (دہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) (پہلا گروپ) LHR-G1-22 کل نمبر : 15

**PAPER CODE = 7023**

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے : (A) مَدرَسہ (B) مُدرَسہ (C) مُدَرَّسہ (D) مُدرِسہ |
| 2 | پرستان کی شہزادی کس کی تحریر ہے : (A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم |
| 3 | محبوب کے سادگی سے ملنے کا شاعر پر کیا اثر ہوتا ہے : (A) خوشی سے پھولا نہیں سماتا (B) محبوب کے ستم بھول جاتا ہے (C) نشہ سا چھا جاتا ہے (D) ہر غم بھول جاتا ہے |
| 4 | ارکان استعارہ کی تعداد ہے : (A) تین (B) چھ (C) دو (D) ان میں سے کوئی نہیں |
| 5 | سبق ''مرزا محمد سعید'' کے حوالے سے درست جواب دیں کہ مرزا صاحب کی زندگی : (A) کرّوفر والی تھی (B) عاجزانہ تھی (C) فاخرانہ تھی (D) بڑی سیدھی سادی تھی |
| 6 | رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بجھوائے : (A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ |
| 7-1 | فعل نہی جس میں کسی کام کے: (A) کرنے کا حکم ہو (B) بھاگ جانے کا حکم ہو (C) رک جانے کا حکم ہو (D) کسی کام سے منع کیا گیا ہو |
| 8 | ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے : (A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) قبرستان (D) فوجی عجائب خانہ (اوقاف) |
| 9 | ایک جلسے میں محمود نظامی نے کیا پڑھا تھا جس میں مرزا صاحب بھی تشریف لائے تھے : (A) خطبہ (B) مضمون (C) قصیدہ (D) مقالہ |
| 10 | مرزا غالبؔ کو تفتہؔ کا خط کہاں سے آتا تھا : (A) کلکتہ (B) سکندر آباد (C) کول (D) آگرہ |
| 11 | زمانے کو منزل کے مبارک ہونے کی نوید کیوں دی گئی ہے : (A) کامل رہنما کے آنے سے (B) غم گسار کی آمد کی وجہ سے (C) اک خِضر صد رہ گزار کی آمد کی وجہ سے (D) ان سب کی وجہ سے |
| 12 | وہ مختصر نام جو شعرا اپنے نام کے ساتھ استعمال کرتے ہیں ،کہلاتا ہے : (A) لقب (B) عرف (C) کنیت (D) تخلص |
| 13 | دُھن کا مطلب ہے : (A) جوش (B) فکر (C) جھگڑا (D) لگن |
| 14 | علی بخش کے مطابق ڈاکٹر محمد اقبالؒ کی پسندیدہ خوراک کیا تھی : (A) پلاؤ (B) سیخ کباب (C) پلاؤ اور سیخ کباب (D) چپلی کباب اور زردہ |
| 15 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے : (A) اَسلام (B) اِسلام (C) اَسلّام (D) اِسّلام |

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2020-2022)

اردو (لازمی) — 022 -(دہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) — کل نمبر : 60

(پہلا گروپ)

LHR-G1-22

(حصہ اول)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) وہ لُو کہ الحذر، وہ حرارت کہ الاماں — رن کی زمیں تو سرخ تھی اور زرد آسماں

(iii) بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا — کتنے ستاروں کے جُھرمٹ میں سورج بن کر آیا

(iv) دھوپ کے جھلسے ہوئے رُخ پر مشقت کے نشاں — کھیت سے پھیرے ہوئے مُنھ، گھر کی جانب ہے رواں

(حصہ غزل)

(v) ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) بھول جاتا ہوں مَیں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vii) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زندانِ بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) اقبالؔ کے ہاں ہلالِ عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا، ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے۔ یتیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبالؔ اس رویے کی عکاسی کرتے ہیں جس پر نثرنگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ یادِ طفلی علامہ اقبالؔ کو عید کے چاند کی تصویرکشی پر مجبور کرتی ہے اور وہ منظر کشی والے رُجحان کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

3۔ (ب) آپ کی شرافت، قابلیت اور دیرینہ وضع داری کا مجھے جو احساس ہے، میرا خیال ہے کہ آپ کے لیے کسی دوست، عزیز اور بزرگ سے کم نہیں ہے۔ ان نظام خطبات کو شہرت دینے اور کامیاب بنانے میں آپ کا گراں قدر حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش، نیک نام اور اقبال مند رکھے، آمین۔ بیگم صاحبہ اور بچوں کو بہت بہت دُعا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) سیدانی بی کو کیسے شک گزرا کہ اُسے کہیں اور لے جایا جا رہا ہے؟ (ii) مصنف نے کس لحاظ سے خود کو فقیر سے بہتر اور کس لحاظ سے کم تر سمجھا ہے؟

(iii) چغل خور نے کسان کے بھائیوں کو کیا بتایا؟ (iv) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔ (vi) مصنف کے ساتھ کار میں بیٹھتے ہوئے علی بخش کے دل میں کیا وہم تھا؟

(vii) مقطع کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔ (viii) شاعر کے مطابق ''مال گودام روڈ'' پر شام ہوتے ہی کس طرح کی رونق ہوتی ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) ملمع۔ (ii) علی بخش۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) وقت کی پابندی۔ (ii) دہشت گردی۔ (iii) تحریک پاکستان۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات: (i) اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں، اس سے کیا مراد ہے؟ (ii) کیا اسلام جغرافیائی حدود کا قائل ہے؟

(iii) گورے اور کالے رنگ کے مسلمان کا امتیاز اسلام میں موجود ہے یا نہیں؟ (iv) اس عبارت کا کوئی عنوان تحریر کیجیے۔

(v) عبارت میں دیے گئے لفظ ''ترک'' سے کیا مراد ہے؟

www.pakcity.org

LHR-10-G2-20

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2018-2016 تا 2020-2018)

اردو (لازمی) 020 - (دہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) PAPER CODE = 7023 کل نمبر : 15

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | ''رنگوائی'' قواعد کی رُو سے ہے : (A) اسمِ حالیہ (B) اسمِ معاوضہ (C) اسمِ کیفیت (D) صفتِ نسبتی |
| 2 | ''گنج ہائے گراں مایہ'' کس مصنف کی تصنیف ہے : (A) ظہیر احمد صدیقی (B) سید بشیر الدین (C) رشید احمد صدیقی (D) ڈاکٹر وحید قریشی |
| 3 | پاکستان ستاروں کے جھرمٹ میں ہے: (A) روشن ستارہ (B) چاند (C) مرکزہ (D) سورج |
| 4 | '' قلم و کتاب '' قواعد کی رُو سے کیا ہے: (A) مرکبِ توصیفی (B) مرکبِ اضافی (C) مرکبِ جاری (D) مرکبِ عطفی |
| 5 | ''کول'' کس شہر کا پرانا نام ہے: (A) علی گڑھ (B) دہلی (C) آگرہ (D) لکھنؤ |
| 6 | مصنف سجاد حیدر یلدرم نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے: (A) روٹی کی محتاجی (B) دوست نہ ہونا (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا |

(ورق الٹیے)

www.pakcity.org

LHR-10-G2-20



| | |
|---|---|
| 7-1 | '' اُس نے خط لکھا ہوگا '' گرامر کی رُو سے ہے: (A) ماضی تمنائی (B) ماضی شکیہ (C) ماضی استمراری (D) فعل مضارع |
| 8 | مغل بادشاہ نورالدین محمد جہانگیر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس شخصیت نے قید و بند کی سختیاں جھیلیں : (A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ |
| 9 | علامہ اقبالؒ کے ملازم علی بخش کو زمین کہاں دی گئی تھی : (A) لاہور (B) لائل پور (C) جھنگ (D) خانیوال |
| 10 | یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟ ''ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے'' : (A) علامہ اقبالؒ (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) الطاف حسین حالی |
| 11 | کسان کھیت سے رُخ پھیر کر کہاں جاتا ہے: (A) گھر کی جانب (B) ویرانے میں (C) منڈیر کی طرف (D) گاؤں میں |
| 12 | لفظ ''مشتعل'' کا درست تلفظ ہے : (A) مُشْتَعَلْ (B) مَشْتَعَلْ (C) مُشْتَعَلْ (D) مُشْتَعِلْ |
| 13 | کسی شعر میں قافیے کے بعد آنے والے ایک جیسے لفظ یا الفاظ کہلاتے ہیں: (A) مجاز مرسل (B) استعارہ (C) ردیف (D) تشبیہ |
| 14 | سبق ''چغل خور'' مصنف شفیع عقیل کی کس کتاب سے ماخوذ ہے : (A) بلوچی لوک داستانیں (B) چینی لوک داستانیں (C) جاپانی لوک داستانیں (D) پنجابی لوک داستانیں |
| 15 | لفظ ''ادب'' کے درست اعراب ہیں : (A) اَدَب (B) اَدَبْ (C) اُدَبْ (D) اَدَبٌ |

رول نمبر..................(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 020 - (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) غریبوں کی جاں کو ، یتیموں کے دِل کو سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے

(ii) شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے آہو نہ منہ نکالتے تھے سبزہ زار سے

(iii) جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار

(iv) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(حصہ غزل)

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) رُوح کو بھی مزا محبت کا دل کی ہمسایگی سے مِلتا ہے

(vii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) گاڑی کو جُنبش ہوئی اور وہ دوڑ کر آگے چلا گیا۔ سٹیشن کی دُکانیں ، خوانچے والے اور قلی اس کی نظروں کے سامنے سے بھاگ رہے تھے۔ وہ دیر تک کھڑی سٹیشن کی بتیوں کو ، جو اب اندھیری رات میں جگنو کی طرح چمک رہی تھیں ، گھورتی رہی۔ آخر گُھپ اندھیرے میں اس کی نظریں ٹھوکریں کھانے لگیں۔ اب وہ اپنے ڈبے کی طرف متوجہ ہوئی۔ دو سیٹوں پر دو عورتیں رنگین لحافوں میں لپٹی ہوئی تھیں۔

(ورق الٹیے)



www.pakcity.org



3- (ب) کیا دیکھتا ہوں کہ نام دیو ایک پودے کے سامنے بیٹھا اس کا تھانولا صاف کر رہا ہے۔ تھانولا صاف کر کے حوض سے پانی لیا اور آہستہ آہستہ ڈالنا شروع کیا۔ پانی ڈال کر ڈول درست کی اور ہر رُخ سے پودے کو مڑ مڑ کر دیکھا۔ پھر اُلٹے پاؤں پیچھے ہٹ کر اُسے دیکھنے لگا۔ دیکھتا جاتا تھا اور مسکراتا اور خوش ہوتا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے حیرت بھی ہوئی اور خوشی بھی۔ کام اُسی وقت ہوتا ہے جب اُس میں لذّت آنے لگے، بے مزہ کام نہیں، بیگار ہے۔

10

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(iv) چغل خور نے کسان سے کس بات کی اجازت مانگی تھی؟

(v) اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟

(vi) نکیل پڑنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(vii) فاطمہ بنتِ عبداللہ نے میدانِ جنگ میں کیا فریضہ سرانجام دیا؟

(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے ''راحت افزا'' ہونے کی کیا وجہ ہے؟

5 5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔ (ii) علی بخش۔

15 6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائدِ اعظمؒ۔ (ii) برسات کا موسم۔ (iii) دیہاتی زندگی۔

10 7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں سے دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات : (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

(ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

(iv) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

(v) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

CHA-10-G2-20

رول نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) — 020- (دہم کلاس) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II ( معروضی طرز) — PAPER CODE = 7026 — کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | سبق ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' میں مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اسکی کھڑکی کھلتی تھی : | (A) پائیں باغ میں | (B) چٹیل میدان کی طرف | (C) باغ میں | (D) دریا کی سمت |
| 2 | نظم ''مال گودام روڈ'' میں شاعر نے کس سڑک کا مضحکہ اُڑایا ہے: | (A) مال روڈ | (B) طارق روڈ | (C) مال گودام روڈ | (D) بندر روڈ |
| 3 | گرائمر کی رُو سے ''نیک تر'' کیا ہے : | (A) صفتِ بعض | (B) صفتِ نفسی | (C) صفتِ کل | (D) صفتِ نسبتی |
| 4 | ''مدرسہ'' کا درست تلفظ ہے : | (A) مَدَرسَہ | (B) مَدرَسَہ | (C) مَدرْسَہ | (D) مَدَرَسَہ |
| 5 | قدرت اللہ شہاب نے علی بخش کو ایک رات اپنے پاس کس شہر میں رکھا : | (A) لاہور | (B) سیالکوٹ | (C) ملتان | (D) جھنگ |
| 6 | ''تم مت آؤ'' میں گرائمر کی رُو سے استعمال کیا گیا ہے : | (A) فعل امر | (B) فعل نہی | (C) فعل لازم | (D) فعل معروف |

( ورق الٹئے )

( 2 )

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | ''سائیں سائیں'' اور ''کائیں کائیں'' گرائمر کی رُو سے ہیں: | (A) اسم مکبّر | (B) اسم مصغر | (C) اسم آلہ | (D) اسم صوت |
| 8 | پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا : | (A) روپیا پیسا | (B) جواہرات | (C) خلعت اور زیورات | (D) کنکر پتھر |
| 9 | سبق ''مُلمّع'' میں لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی : | (A) اٹھنی | (B) ایک روپیا | (C) پانچ کا نوٹ | (D) دس روپے |
| 10 | مرزا محمد سعید کے استاد رہے : | (A) پطرس | (B) محمود نظامی | (C) علامہ محمد اقبالؒ | (D) حامد علی خان |
| 11 | پاکستان نے بچھڑے ہوؤں اور بکھرے ہوؤں کو: | (A) ایک مرکز پرلا کھڑا کیا | (B) متحد کیا | (C) شاد کام کیا | (D) گھر دیا |
| 12 | ''تعظیم'' کا درست تلفظ ہے : | (A) تَعَظِیم | (B) تِعظِیم | (C) تَعظِیم | (D) تُعظِیم |
| 13 | ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے : | (A) عجائب گھر | (B) کتاب خانہ | (C) قبرستان | (D) فوجی عجائب خانہ |
| 14 | چغل خور کون سا کام جانتا تھا : | (A) لکڑی کا | (B) معماری کا | (C) لوہے کا | (D) کھیتی باڑی کا |
| 15 | نظم ''کسان'' جوش کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے : | (A) حرف و حکایت | (B) شعلہ و شبنم | (C) جذباتِ فطرت | (D) سنبل و سلاسل |

www.pakcity.org

LHR-10-G2-20

رول نمبر ---------- (امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 تا 2018-2020)

وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

020 - (دہم کلاس)

اردو (لازمی)

کل نمبر : 60

(دوسرا گروپ)

پرچہ : II (انشائیہ طرز)

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک اِرادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) یہ سماں اور اک قوی انسان، یعنی کاشت کار — اِرتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار

(iii) اس کی چھاتی پر کئی تانگے اُلٹ کر رہ گئے — سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

(iv) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(حصہ غزل)

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

(vii) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) مرزا صاحب دِلّی کے شرفا کے ایک متموّل خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ تراہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مڑ جاتا ہے، اسی کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سرسیّد احمد خاں کا قدیم مکان بھی تھا۔ سرسید سے بھی مرزا صاحب کی عزیزداری تھی۔

(ورق اُلٹیے)



www.pakcity.org



3- (ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسرُ المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دُنیا سے رخصت ہو گیا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) لڑکی اسٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟

(ii) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(iii) سبق "اُٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے" کے حوالے سے حکومت کی اوّلین ترجیح کیا ہے؟

(iv) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔

(v) مرزا غالب کے تیسرے خط میں مجتہد العصر سے کون سی شخصیت مراد ہے؟

(vi) فاطمہ بنت عبداللہ کون تھی؟

(vii) نظم "کسان" کے مطابق نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

(viii) جگر کی غزل کے مطابق ہوش اور بے خودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید۔ (ii) چغل خور۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) چاندنی رات۔ (ii) سائنس کے کرشمے۔ (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے اُن سے گفت گو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور اُن کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا اس عیب سے بَری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیرِ ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے اُن میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ 'برکھارت' 'حبِ وطن' 'نشاطِ امید' اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثّار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجیے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

سوالات: (i) مولانا کس عیب سے بری تھے؟ (ii) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟ (iii) 'نثّار' کے معنی لکھیے۔ (iv) "مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا" کے معنی بتائیے۔ (v) داد دینا کے معنی لکھیے۔

LHR-G1-10-19

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) — 019 - (دہم کلاس) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) — **PAPER CODE = 7027** — کل نمبر : 15

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ‘B ‘C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | لڑکی سیاہ ریشمی برقعے میں لپٹی کس کے سامنے کھڑی تھی (A) د[illegible] کے سامنے (B) ریلوے ٹکٹ گھر کے سامنے (C) ابا کے سامنے (D) آئینے کے سامنے |
| 2 | "چندا" گرائمر کی رُو سے کیا ہے (A) لقب (B) [illegible] (C) تخلص (D) عرف |
| 3 | رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کی وفات کا ذکر کیا ہے (A) مولانا ضیا احمد (B) ڈاکٹر محمد حسن (C) برادر سید بشیر الدین (D) بیگم سید بشیر الدین |
| 4 | وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو کہلاتا ہے : (A) فعل مجہول (B) فعل لازم (C) فعل معروف (D) فعل متعدی |
| 5 | چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ : (A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے (C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرما جاتا ہے |
| 6 | نظم "کسان" کا ابتدائی پس منظر ہے : (A) شام کا (B) صبح کا (C) جھٹ پٹے کا (D) رات کا |

(ورق الٹیئے)

BLANK

www.pakcity.org

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی کتنی اقسام ہیں : | (A) دو | (B) تین | (C) چار | (D) پانچ |
| 8 | کانگریس کب قائم ہوئی : | (A) ۱۸۸۵ء میں | (B) ۱۸۸۶ء میں | (C) ۱۸۹۵ء میں | (D) ۱۹۰۶ء میں |
| 9 | "**معطر**" کا درست تلفظ ہے : | (A) **مُعَطَّرْ** | (B) **مَعَطَرْ** | (C) **مُعِطَّرْ** | (D) **مُعَطِرْ** |
| 10 | نظم "مال گودام روڈ" کس شاعر کی تخلیق ہے : | (A) دلاور فگار | (B) مرزا محمود سرحدی | (C) میر انیس | (D) جمیل الدین عالی |
| 11 | نظم "بہادر بچے" کے شاعر کے مطابق کون سا موسم آنے والا ہے : | (A) خزاں | (B) بہار | (C) گرمی | (D) سردی |
| 12 | سیّدانی بی کا خاندان تباہ ہو گیا تھا : | (A) سیلاب میں | (B) زلزلے میں | (C) فسادات میں | (D) مرہٹہ گردی میں |
| 13 | شاعر کا دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے : | (A) کج ادا سے | (B) دلربا سے | (C) خوش ادا سے | (D) مل کے بھی جو نہیں ملتا |
| 14 | آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا : | (A) تین | (B) پانچ | (C) سات | (D) نو |
| 15 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے : | (A) **تَعَاوُنْ** | (B) **تِعَاوَنْ** | (C) **تَعَاوُنْ** | (D) **تُعَاوِنْ** |



www.pakcity.org

رول نمبر ـــــــــــــ(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2017-2015 تا 2019-2017)

(لازمی) 019 - (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) LHR-G1-10-19 کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

(iii) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iv) ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ — واپس آ جائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

(حصہ غزل)

(v) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دِل، اُسی سے ملتا ہے

(vi) ایک مدّت سے تیری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(vii) ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) مرزاصاحب دِلّی کے شرفا کے ایک متموّل خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ تراہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مُڑ جاتا ہے، اِسی کے نکڑ پر مرزاصاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سرسیداحمدخان کا قدیم مکان بھی تھا۔ سرسید سے بھی مرزاصاحب کی عزیزداری تھی، اور منشی ذکاءاللہ سے بھی ان کی قرابت داری ہو گئی تھی۔

(ورق الٹیے)

www.pakcity.org

3۔ (ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دو رویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آ گئے۔ یہ تنظیم کی بات ہے۔ ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟ (ii) سیّدانی بی کی شخصیت پر تین جملے تحریر کیجیے۔

(iii) "لوک کہانی" کی مختصر تعریف کیجیے۔ (iv) مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی؟

(v) "پون ٹوٹی" (چنگی) کس چیز پر معاف تھی؟ (vi) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(vii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق ہے؟ (viii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا ، اس مصرعے کا مفہوم بیان کیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مُلَمَّع۔ (ii) علی بخش۔ 5

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) تعلیم نسواں۔ (ii) شہیدِ ملت لیاقت علی خان۔ (iii) یومِ آزادی ۔ 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات : (i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ (ii) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ (iv) دُور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔



www.pakcity.org

رول نمبر__________(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) 019 - (دہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) LHR-G2-10-19 PAPER CODE = 7024 کل نمبر : 15

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | ''کشمیر پاکستان کی شاہ رَگ ہے''۔ ''شاہ رَگ'' قواعد کی رُو سے ہے: (A) اسم مصغر (B) اسم مکبر (C) اسم صوت (D) اسم ظرف |
| 2 | سبق ''استنبول'' کس کی تحریر ہے: (A) اختر ریاض الدین (B) حکیم محمد سعید (C) قدرت اللہ شہاب (D) شفیع عقیل |
| 3 | شاعر جمیل الدین عالی کے نزدیک پاکستان ستاروں کے جُھرمٹ میں ہے: (A) چاند (B) روشن ستارہ (C) مرکزہ (D) سورج |
| 4 | ''مقیاس الحرارت'' قواعد کی رُو سے ہے: (A) حرارتی توانائی (B) اسم مفعول قیاسی (C) اسم قیاس واجتہاد (D) اسم آلہ |
| 5 | تم بندوق سے حملہ کرتے ہو ، ہم تم پر حملہ کریں گے: (A) قلم سے (B) میزائل سے (C) توپ سے (D) ڈرون سے |
| 6 | سجاد حیدر یلدرم نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے: (A) روٹی کی محتاجی (B) دوست کا نہ ہونا (C) غریب الوطنی (D) بھیک مانگنا |

(ورق الٹئے)

www.pakcity.org

| | |
|---|---|
| 7-1 | کلمہ کی اقسام والی درست فہرست ہے: (A) موضوع، مُہمل، فاعل (B) ماضی، حال، مستقبل (C) فعل، فاعل، مفعول (D) اسم، فعل، حرف |
| 8 | مرزا محمد سعید اپنی پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے: (A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے پر (C) کتابیں خریدنے پر (D) کھانے پینے پر |
| 9 | اپنی تحریروں سے علی گڑھ کو دنیا میں معروف کرنے والے ادیب ہیں: (A) سر سید احمد خاں (B) مولوی عبدالحق (C) رشید احمد صدیقی (D) ظہیر احمد صدیقی |
| 10 | خواجہ حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے ہیں، ان میں کون سی چیز نمایاں ہے: (A) عظمتِ رفتہ (B) احساسِ شادمانی (C) عید کا میلہ (D) لطف و مسرت |
| 11 | شاعر احسان دانش کے مطابق حضرت محمد ﷺ کی آمد سے انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا: (A) اللہ تعالیٰ کا (B) کائنات کا (C) انسان کا (D) ان سب کا |
| 12 | لفظ "منقار" کے درست اعراب ہیں: (A) مَنْقَارْ (B) مِنْقَارْ (C) مُنْقَارْ (D) مُنَقَّارْ |
| 13 | جگر مراد آبادی کے مطابق رُوح کو محبت کا مزا کب ملتا ہے: (A) دل کی ہمسائیگی میں (B) ہجر و فراق میں (C) وصالِ یار میں (D) خلوت و تنہائی میں |
| 14 | چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کے جسم کا ذائقہ ہو جاتا ہے: (A) کھٹا (B) میٹھا (C) کڑوا (D) نمکین |
| 15 | لفظ "مخلص" کے درست اعراب کی نشاندہی کیجیے: (A) مُخْلَصْ (B) مُخْلُصْ (C) مُخْلِصْ (D) مُخَلِّصْ |

202-019-II-(Objective Type)-31500 (7024)

www.pakcity.org

رول نمبر.............(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) | 019 - (دہم کلاس) | وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) | (دوسرا گروپ) LHR-G2-10-19 | کل نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) یہ سرد و گرم ، خشک و تر ، اُجالا اور تاریکی ‏ نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی

(ii) وہ لُو ، وہ آفتاب کی حدّت، وہ تاب و تب ‏ کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار ‏ ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے ‏ چہچہنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شِغال

(حصہ غزل)

(v) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں ‏ دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

(vi) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر ‏ شانِ رنگینیِ حسنِ چمن آرا بھی نہیں

(vii) روح کو بھی مزا محبت کا ‏ دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) یہ ضرور ہے کہ جن مرغانِ خوش نوا کی تعریف میں شعرا اس قدر رَطبُ اللِّسان ہیں، ان کی عنایت سے میں خوش نہیں ہوا کہ سب کے سب میرے کمرے کے نیچے درخت پر جمع ہو گئے اور شور مچانا شروع کر دیا، تاہم میں نے کوشش کر کے ان کی طرف سے کان بند کر لیے اور کام میں ہمہ تن مشغول ہو گیا۔

(ورق الٹیے)

www.pakcity.org

LHR-G2-10-19



3۔ (ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو ، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) سرسید کے کس دوست نے مسلم لیگ کی بنیاد رکھی اور مسلم لیگ کب قائم ہوئی؟ (ii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

(iii) اُردو شعرا نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟ (iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) فاطمہ کو ''راکھ میں دبی ہوئی چنگاری'' کیوں کہا گیا ہے؟ (vi) کھیت سے مُنہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے؟

(vii) فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟ (viii) مرزا محمد سعید کا آبائی گھر کس شہر میں تھا اور کس عظیم مسلمان رہنما سے ان کی عزیزداری تھی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) اُردو ادب میں عیدالفطر۔ (ii) پرستان کی شہزادی۔ 5

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) محنت کی برکتیں۔ (ii) ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ۔ (iii) شہری اور دیہی زندگی۔ 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنا شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات : (i) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں کس زمانے میں؟ (ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) ''وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے'' کون لوگ برف میں رہنے کے عادی تھے؟ (iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟



www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2015-2017 اور 2016-2018 )

اردو (لازمی) 018 - (دہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) **PAPER CODE = 7027** کل نمبر : 15

## (پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | **کُو کُو** گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم ظرف | (B) اسم مصدر | (C) اسم آلہ | (D) اسم صوت |
| 2 | سبق نظریہ پاکستان کے مصنف کا نام کیا ہے : | (A) ڈاکٹر سید عبداللہ | (B) سرسید احمد خان | (C) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ | (D) جمیل الدین عالی |
| 3 | پرستان میں پودے پھل دار بڑے تھے : | (A) بالشت بھر | (B) چھ چھ فٹ | (C) ایک ایک فٹ | (D) گز بھر |
| 4 | محبوب کے سادگی سے ملنے کا شاعر پر کیا اثر ہوتا ہے : | (A) نشہ سا چھا جاتا ہے | (B) محبوب کے ستم بھول جاتا ہے | (C) ہر غم بھول جاتا ہے | (D) خوشی سے پھولا نہیں سماتا |
| 5 | نظام آسمانی اور بہارِ جاودانی میں کون سی بات مشترک ہے : | (A) ردیف ایک ہے | (B) قافیہ ایک ہے | (C) معنی ایک ہے | (D) نظام ایک ہے |
| 6 | تلفظ درست ہے : | (A) عَقْلْ | (B) عِقْلْ | (C) عَقِلْ | (D) عُقَلْ |
| 7 | مصنف نے کس دوست کو بھڑبھڑیا دوست کہا ہے : | (A) محمد تحسین | (B) احمد مرزا | (C) قرض خواہ دوست | (D) مقدمے باز دوست |
| 8 | گدلا پانی پودوں کے لیے تھا : | (A) بےسود | (B) مفید | (C) آب حیات | (D) ضرر رساں |
| 9 | تلفظ درست ہے : | (A) تِلَاوَتْ | (B) تُلَاوِتْ | (C) تُلَاوِتْ | (D) تِلَاوَتْ |
| 10 | بندوق گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم آلہ | (B) اسم مصدر | (C) اسم صوت | (D) اسم مکبر |
| 11 | جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی : | (A) پندرہ منٹ | (B) آدھا گھنٹا | (C) چند منٹ | (D) ایک گھنٹا |
| 12 | مرزا محمد سعید کی عزیزداری کس شخصیت سے تھی: | (A) شاہد احمد دہلوی | (B) نذیر احمد دہلوی | (C) شیخ عبدالقادر | (D) سرسید احمد خان |
| 13 | مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں کتنے قلمی نسخے ہیں : | (A) ایک لاکھ | (B) تیس ہزار | (C) ڈیڑھ لاکھ | (D) پچاس ہزار |
| 14 | سب محنت کش : | (A) کام میں لگ گئے | (B) متحد ہوگئے | (C) تعمیر وطن پہ لگ گئے | (D) گلے ملے |
| 15 | ’’شاہ سوار‘‘ گرامر کی رُو سے ہے : | (A) اسم ظرف | (B) اسم مصغر | (C) اسم مکبر | (D) اسم صوت |

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 اور 2016-2018)

اردو (لازمی)
پرچہ : II (انشائیہ طرز)

018 - (دہم کلاس)
(پہلا گروپ)

وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

(ii) پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان، یعنی کاشت کار — ارتقاء کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار

(iv) اس کی چھاتی پر کئی تانگے اُلٹ کر رہ گئے — سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

(حصہ غزل)

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے مِلتا ہے

(vii) ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) یہ سوچ کر اُس کا دل بیٹھنے لگا اور وہ خاموشی سے نیم تاریک سی کالی کلوٹی سڑک کی طرف دیکھنے لگی، جس پر اِکّا دُکّا چرخ چوں کرتے ہوئے یکّے کی میلی چمنیوں والی بتیوں سے ایک کثیف سی روشنی نکل کر سڑک پر رینگ رہی تھی۔ اس کا خیال فوراً ہی اپنی موجودہ حالت کی طرف دوڑ گیا۔

(ورق اُلٹیے)

10-1-18

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 اور 2016-2018 )

اردو (لازمی) 018 - ( دہم کلاس ) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II ( معروضی طرز ) **PAPER CODE = 7028** کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | مرزاغالبؔ کو تفتہؔ کا خط آنا تھا : | (A) کلکتہ | (B) سکندرآباد | (C) کول | (D) آگرہ |
| 2 | نظم ''اُونٹ کی شادی'' شاعر نے لکھی ہے : | (A) سید ضمیر جعفری | (B) دلاور فگار | (C) سید محمد جعفری | (D) محمود سرحدی |
| 3 | شاعر (فراق گورکھپوری) کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی: | (A) ایک ماہ سے | (B) ایک سال سے | (C) ایک مُدّت سے | (D) ایک عرصے سے |
| 4 | گدلا پانی پودوں کے لیے تھا : | (A) ضرر رساں | (B) بے سُود | (C) آبِ حیات | (D) مفید |
| 5 | کانگریس کا قیام عمل میں آیا : | (A) 1886ء | (B) 1895ء | (C) 1885ء | (D) 1890ء |
| 6 | شاکرصاحب مصنف کو لے گئے : | (A) شاہ پور | (B) جے پور | (C) دِلّی | (D) سلیم پور |
| 7 | '' وہ '' بلحاظ گرامر ہے : | (A) اسم ضمیر | (B) اسم حالیہ | (C) اسم صوت | (D) اسم اشارہ |
| 8 | لفظ ''جلوس'' کا درست تلفظ ہے : | (A) جِلُوْس | (B) جَلُوْس | (C) جُلُوْس | (D) جَلَوْس |
| 9 | پروگرام ''دانش کدہ'' میں دانشور بلائے جاتے تھے : | (A) چار | (B) تین | (C) دو | (D) سات |
| 10 | ذاتِ باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے : | (A) سردوگرم میں | (B) خشک وتر میں | (C) اُجالے اور تاریکی میں | (D) اِن سب میں |
| 11 | صفت اصلی اور صفت نسبتی اقسام ہیں : | (A) صفتِ نفسی کی | (B) اسم صفت کی | (C) صفتِ بعض کی | (D) صفتِ کُل کی |
| 12 | لفظ موضوع کی قسمیں ہیں : | (A) دو | (B) تین | (C) چار | (D) پانچ |
| 13 | لفظ ''مدرسہ'' کا درست تلفظ ہے : | (A) مَدْرَسَہ | (B) مَدَرَسَہ | (C) مَدْرِسَہ | (D) مِدْرَسَہ |
| 14 | چغل خور کام جانتا تھا : | (A) لکڑی کا | (B) کھیتی باڑی کا | (C) لوہے کا | (D) معماری کا |
| 15 | سیّدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا : | (A) زردہ | (B) بونٹ پلاؤ | (C) فیرنی | (D) بریانی |

www.pakcity.org

رول نمبر ـــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2015-2017 اور 2016-2018 )

اردو (لازمی) 018 - (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر | گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(ii) یہ سرد و گرم، خشک و تر، اُجالا اور تاریکی | نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی

(iii) جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسنِ فطرت کا گواہ | ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(iv) نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے | کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے

(حصہ غزل)

(v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے | تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) آدمی آدمی سے ملتا ہے | دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(vii) ایک مدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں | اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) سیّدانی : "وہ قصہ یاد آتا ہے، تو کلیجے پر سانپ لوٹنے لگتا ہے۔ پرستان کی شہزادی جس کے جوڑے ٹانکنے گئی تھی، بہت سر ہوئی۔ دوسری پریوں نے بھی منتیں کیں کہ سیّدانی اماں، یہیں رہ جاؤ۔ دنیا میں اب تمہارا کون ہے؟ مگر میں نے ایک نہ مانی۔ مجھ بدنصیب کو تو اپنے جیسے انسانوں کی بے مروّتیاں دیکھنی تھیں، پرستان میں کیوں بستی؟ وہ تو اللہ نے تمہارے دل میں رحم ڈال دیا جو گور گڑھے کا ٹھکانہ ہو گیا۔"

(ورق الٹیے)

LHR - 10-2-18

3۔ (ب) علی بخش کا تخیل بڑی تیز رفتاری سے ماضی کے دھندلکوں میں پرواز کر رہا ہے۔ زندگی کے ہر موڑ پر اسے اپنے ڈاکٹر صاحب یا جاوید یا منیرہ بی بی کی کوئی نہ کوئی خوش گوار یاد آتی رہتی ہے۔ جھنگ پہنچ کر میں اسے ایک رات اپنے ہاں رکھتا ہوں۔ دوسری صبح اپنے ایک نہایت قابل اور فرض شناس مجسٹریٹ کپتان مہابت خان کے سپرد کر دیتا ہوں۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیزداری تھی؟ (ii) لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟
(iii) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟ (iv) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی؟
(v) علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟ (vi) شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟
(vii) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ چند ایک تحریر کیجیے۔ (viii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (i) نظریۂ پاکستان۔ (ii) نام دیو مالی۔ 5

6۔ درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : (i) یومِ آزادی۔ (ii) ماں باپ کے ساتھ سلوک۔ (iii) تمباکو نوشی کے نقصانات۔ 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات: (i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ (ii) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟ (iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟
(iv) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔



LHR-10-2-18